
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

20 منٹ

- سیشن بات چیت سے شروع کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں اسکول آنا اچھا لگتا ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو کیوں نہیں۔ کوشش کریں کہ سب بچوں کو بات چیت کا موقع ملے۔

- بات چیت کے دوران بچوں سے کہیں کہ وہ ایک جملہ اسکول سے متعلق بتائیں۔ یہ جملے بورڈ پر لکھتی جائیں۔ مثلاً:
  - اسکول میں کینٹین (canteen) ہے۔
  - بڑا سا پلے گراؤنڈ (playground) ہے۔
  - اسکول میں امتحان ہوتے ہیں۔

20 منٹ

- بچے کتاب **اسکول** نکالیں۔ بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ پڑھائی کے دوران مشکل الفاظ کے معنی سمجھائیں۔

  - کہانی پر گفتگو کریں کہ اگر اسکول نہیں ہوتے تو کیا ہوتا۔
  - زیادہ سے زیادہ بچوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ

- کہانی پڑھیں اور اسکول سے متعلق 10 الفاظ کی فہرست بنائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 2 کے لئے ورک شیٹ 1 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 2

**10 منٹ** • 8 - 10 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی دہرائیں۔

**25 منٹ** • بچوں کو ورک شیٹ 1 دیں اور سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ بچے ورک شیٹ پر کام کریں۔

## ورک شیٹ 1

نام ____________ کلاس ____________ تاریخ ____________

- درج ذیل الفاظ کہانی کے کس صفحہ پر ہیں تلاش کریں اور درست معنوں پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1) بدک گیا
   a) چڑ گیا
   b) ناراض ہو گیا
   c) ایک دم سے انکار کر دیا

2) دامن کھینچنے لگا
   a) لپٹ کر رونے لگا
   b) دامن پھاڑنے لگا
   c) آگے جانے سے منع کرنے لگا

3) ہتھیار ڈالنے پڑے
   a) آگے ہتھیار رکھنا
   b) ہتھیار دکھانا
   c) بات ماننا

4) بپھر گئیں
   a) غصہ ہو گئیں
   b) چلانے لگیں
   c) پریشان ہو گئیں

5) غم سے گھلی جا رہی تھی
   a) اداس تھی
   b) پریشان تھی
   c) روئے جا رہی تھی

6) آنکھوں میں چمک آ گئی
   a) چمکدار چیز کا دکھائی دینا
   b) خوش ہو جانا
   c) آنکھیں چمکدار ہو گئیں

10 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ سے واحد جمع پر کام کروائیں۔

رکشہ ڈنڈا بچہ آنکھ چیز پراٹھا جوڑا سوال ٹوپی انعام امتحان مہینہ

# سیشن 3

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

35 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کوپی نکالیں۔ بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے جواب کوپی میں لکھیں۔

1) رحمت کیوں خوش تھا اور اسد کیوں ناراض تھا؟
2) اسد کی امی نے اسد کی ضد دیکھ کر کیا فیصلہ کیا؟
3) آپ کے خیال میں اسد کی سالگرہ میں بچے کیوں نہیں آئے؟
4) اسد روزانہ اپنا وقت کس طرح گزارتا تھا؟
5) اسد نے اسکول جانے کا کیوں فیصلہ کیا؟

# سیشن 4

**10 منٹ** • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**25 منٹ** • بچے کوپی نکالیں۔ کہانی سے ایسے جملے جو کسی چیز کے کرنے یا ہونے کے بارے میں بتائیں انہیں کوپی میں لکھیں۔ ان جملوں کو اپنے بنائے ہوئے جملوں سے مکمل کریں۔ مثلاً:

- سو کر اٹھا (میں دیر سے سو کر اٹھا۔)
- رکشہ چمکایا (رکشہ والے نے اپنا رکشہ خوب چمکایا۔)

### ہوم ورک

**10 منٹ** • املا کی تیاری کریں۔

آنکھوں امتحان سکھا خیالات یکایک سالگرہ کھلی بوجھل سنبھال انتظار

# سیشن 5

**15 منٹ** • دیئے گئے الفاظ سے املا کروائیں۔ املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ **اسکول** سے متعلق 10 الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

- انگریزی ترجمہ بچوں سے پوچھ کر لکھیں۔ کچھ ممکن الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| school | اسکول |
| book | کتاب |
| playground | کھیل کا میدان |
| pen | قلم |
| table | میز |
| chair | کرسی |
| teacher | استاد / استانی |
| boys | لڑکے |
| girls | لڑکیاں |
| students | طالبہ |
| paper | کاغذ |
| building | عمارت |

10 منٹ • بچے کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 6

45 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اسکول کے میدان کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ بچوں کی بنائی ہوئی تصویریں کلاس میں display کریں۔

# اسکول

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk